# CARTAP 4% G

**کارٹیپ** ہائیڈروکلورائیڈ ایک سرائیت پذیر کیڑے مار زرعی زہر ہے جو کہ دھان کی فصل میں موجود ضرررساں کیڑوں کے خلاف وسیع پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ **کارٹیپ** اپنے لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی بدولت کیڑوں کو فوری مفلوج کر کے ہلاک کرتا ہے جس سے فصل کا نقصان فوری طور پر رُک جاتا ہے۔ فصل لمبے عرصے کیلئے کیڑوں کے حملے سے محفوظ ہو کر زیادہ اور منافع بخش پیداوار کا باعث بنتی ہے۔

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | وقفہ برائے برداشت | REI | ہدایت |
|---|---|---|---|---|
| دھان | تنے کی سُنڈیاں | 14 دن | 3 دن | • پہلی زہر پاشی لاب لگانے کے 25 سے 30 دن بعد بحساب 9 کلوگرام فی ایکڑ<br>• دوسری زہر پاشی لاب لگانے کے 50 سے 55 دن بعد بحساب 9 کلوگرام فی ایکڑ<br>• زہر چھٹہ کرتے وقت اس بات کا خیال رہے کہ کھیت میں 3 سے 4 انچ پانی موجود ہو۔ جسے 3 سے 5 دن بعد تک برقرار رکھا جائے اور پانی ایک کھیت سے دوسرے کھیت میں نہ جانے پائے ورنہ زہر کے ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ |

**احتیاطی تدابیر:** زہر کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ کھانے پینے کی اشیاء خوراک، غیر متعلقہ لوگوں اور چارے سے دور رکھیں۔ زہر کو اصل پیکنگ میں بند، ٹھنڈی، خشک اور ہوادار جگہ میں اسٹور کریں۔ زہر چھٹہ کرتے وقت حفاظتی کپڑے (مثلاً ایپرن وغیرہ) اور دوسری اشیاء (عینک، دستانے، لونگ بوٹ) ضرور استعمال کریں۔ زہر کو آنکھ، جلد یا کپڑوں پر نہ آنے دیں اور نہ سانس کے ذریعے اندر جانے دیں۔ زہر پاشی کے دوران کھانے پینے اور سگریٹ نوشی سے پرہیز کریں۔ زہر پاشی کے بعد نہالیں اور کپڑے دھولیں۔ زہر کو آبپاشی کے ذرائع میں ضائع نہ ہونے دیں۔ زہر کے خالی پیکٹوں کو ہرگز گھریلو استعمال میں نہ لائیں۔ انہیں توڑ کر آبپاشی اور پینے کے پانی کے ذرائع سے دور زمین میں دبا دیں۔ زہر پاشی کے وقت کپڑے اور جوتا آلودہ ہونے کی صورت میں تبدیل کرلیں اور صابن سے اچھی طرح دھولیں۔ زہر آلود کھیت سے جانوروں کو پانی نہ پینے دیں اور نہ ہی کھیتوں سے کٹا ہوا چارہ ڈالیں۔

**ابتدائی طبی امداد:** اگر جسم کا کوئی حصہ زہر آلود ہو جائے تو متاثرہ کپڑے اتار دیں اور زہر آلودہ حصے کو صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں اگر زہر آنکھوں میں چلی جائے تو آنکھوں کو 15 منٹ تک پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔ اگر جلن برقرار رہے تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ زہر نگلنے کی صورت میں متاثرہ شخص کو قے کروائیں۔ اگر مریض بے ہوش ہو تو کوئی مائع چیز نہ پلائیں۔ مریض کو تازہ ہوا میں رکھیں اور فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

**اسٹوریج:** **کارٹیپ** کو اصل پیکنگ میں سورج کی روشنی، نمی اور آگ سے دور ٹھنڈی اور ہوادار جگہ پر اسٹور کریں، اسٹور کھانے پینے کی اشیاء سے علیحدہ بچوں اور جانوروں کی پہنچ سے دور ہو۔ اس میں تالا لگا ہو اور بتائے ہوئے طریقے کے مطابق زہر کو مقررہ معیاد تک اسٹور کیا جاسکتا ہے۔

**زہر خورانی کے علامات:** **کارٹیپ** سے آنکھوں، ناک، گلے اور جلد پر ہلکی خراش کا احتمال ہے۔ **کارٹیپ** آبی حیات کیلئے مضر ہے۔

**ماحول اور جنگلی حیاتیات:** آبی ذخائر مثلاً دریاؤں، نہروں اور راجباہوں کو زہر کی آلودگی سے بچائیں۔ جنگلی حیاتیات و مچھلیوں کی جائے افزائش اور گھریلو استعمال کے پانی کو زہر آلودہ نہ کریں۔

**گارنٹی:** چونکہ زہر کا استعمال ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہے لہٰذا اس کے معیاری ہونے اور لیبل پر درج شدہ مقدار کے علاوہ کسی اور قسم کی کوئی گارنٹی نہیں دی جاسکتی۔ زہر کو تیاری کے بعد 2 سال تک استعمال کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ ورانٹی میں دی گئی شرائط کو مدنظر رکھا جائے۔

**انتباہ برائے استعمال کنندگان:** تیار کنندگان زہر کے معیاری ہونے کے اسی صورت میں ضامن ہیں جب زہر کو سفارش کردہ طریقہ کار کے مطابق ذخیرہ اور استعمال کیا جائے اور زہر اس کے اصل سربمہر پیکنگ میں ہو۔ زہر کے غلط استعمال اور دیگر عوامل جو تیار کنندگان کے دائرہ اختیار سے باہر ہوں، سے ہونے والے نقصان کا ذمہ دار استعمال کنندہ ہوگا۔

**Registration No.: (Generic) / DPP / 2023 (11587)**

**Warranty:** Seller warrants that the product conforms to its chemical description and is reasonably fit for the purposes and for the period stated on the label, when used in accordance with directions under normal conditions of use, and stored in cool, dark and dry place, Which is suitably equipped, ventilated and soundly constructed with proper roofing & metaled floor and adequately protected against exposure to direct sunlight and heat, rain water seepage, salinity and is in good state of maintenance with original sealed, undamaged containers but neither this warranty nor any other warranty of merchantability of fitness for a particular purpose, expressed or implied, extends to the use or storage of this product contrary to label instruction, or under abnormal conditions not reasonably foreseeable to seller, and buyer assumes the risk of any such use or defective storage.

**Storage Stability:** Product will remain stable till the date of expiry shown on the label subject to the conditions notified in the warranty.


Technical Imported & Distributed By:
**Arysta LifeScience Pakistan (Pvt.) Ltd.**
3rd floor, Building No. 5/A, Block-6, P.E.C.H.S, Shahrah-e-Faisal, Karachi - 75350, Pakistan
Tel: (+92-21) 34522611-3 Arystalifesciencepk www.upl-ltd.com/pk

Technical Manufactured By:
**M/s. Jiangxi Oushi Chemical Co., Ltd.**
Salt Industrial Zone, Xingan County Ji'an City, Jiangxi Province, China.

Formulated & Packed By: **(Under Supervision of Arysta Lifescience Pakistan (Pvt.) Ltd.)**




Arysta LifeScience

# کارٹیپ

ہائیڈروکلورائیڈ

(4 فیصد دانے دار)

**Active Ingredients:**

Cartap Hydrochloride :............... 4% w/w (40 gm / kg)
Other Ingredients :............... 96% w/w To Make 100%

**انتباہ: یہ زہر ہے ! احتیاط سے استعمال کریں**

• بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں

• حادثے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں • استعمال سے پہلے لیبل ضرور پڑھ لیں

تریاق: • سسٹین کا انجیکشن (Intravenous) • ڈاکٹر کے زیرِ نگرانی علامات کے مطابق علاج کرائیں



زہر



خطرہ

قدرے خطرناک

Mode of Action:
**GROUP 14 INSECTICIDE**

کیڑے مار زہر
(صرف زرعی استعمال کے لئے)

**9 کلوگرام**